**13.08.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ یوم آزادی کی تقریبات کے حصے کے طور پر ملک بھر میں 'ہرگھرترنگا' ریلیوں کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے نئی دلی میں ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔
☆ وزیرخزانہ نرملاسیتارمن نے بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے اختراعی اور سائنسی سوچ کے ساتھ ساتھ فوری حل تلاش کرنے پر زور دیا ہے۔
☆ حکومت' ماہی گیروں کی سیکورٹی کو یقینی بنانے اور ان کے کاروبار کو فروغ دینے کیلئے سمندری ماہی گیر کشتیوں میں ایک لاکھ **Transponder** آلات نصب کرے گی۔
☆ بھارتی فضائیہ اب تک کی سب سے بڑی کثیرسطحی فضائی مشق 'ترنگ شکتی' کی میزبانی کررہی ہے۔
☆ اور......بھارتی پیرا بیڈمنٹن کھلاڑی پرمود بھگت کو ڈوپنگ مخالف ضابطوں کی خلاف ورزی کرنے پر **18** مہینوں کے لیے معطل کردیا گیا ہے۔ وہ پیرس میں منعقد ہونے والے **2024** پیرالمپک کھیلوں میں حصہ نہیں لے پائیں گے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Vice Prez Bike Rally**

آئندہ جمعرات کو منعقد ہونے والی یومِ آزادی کی تقریبات سے قبل 'ہر گھر ترنگا' مہم کے حصے کے طور پر ملک بھر میں ریلیوں کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ شہریوں میں حب الوطنی کے جذبے کو فروغ دینے کیلئے، اِس مہینے کی **15** تاریخ تک یہ مہم منعقد کی جارہی ہے۔ اس مہم کے تحت حکومت نے عوام پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے اپنے گھروں پر ترنگا پھہرائیں اور ترنگے کے ساتھ سیلفی لے کر، اِسے ہر گھر ترنگا ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کریں۔ نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے آج صبح نئی دلّی کے بھارت منڈپم سے 'ہر گھر ترنگا' بائک ریلی کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت، رام موہن نائیڈو **Kinjarapu**، کرن **Rijiju** اور منسکھ مانڈویہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔

یہ ریلی میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم پر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، جناب دھنکڑ نے کہا کہ ہر گھر ترنگا مہم کا آغاز لوگوں میں یومِ آزادی کے موقع پر اپنے گھروں پر قومی پرچم پھہرانے کیلئے حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اب ایک مہم کی شکل اختیار کرچکی ہے۔ اس کے تحت اب ہزاروں لوگوں نے اپنے گھروں پر ترنگا پرچم لگایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر گھر ترنگا مہم ملک کی آزادی ، وقار اور وکست بھارت کے تیئں عہد کی عکاس ہے۔ وزیر ثقافت گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا کہ ترنگا ملک کا فخر ہے ، جو ملک کے عوام کو ایک دھاگے میں باندھتا ہے۔

**Amit Shah Tiranga Yatra**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج شام احمدآباد میں ترنگا یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ گجرات کے وزیراعلیٰ بھوپندر پٹیل بھی اِس یاترا میں شامل ہوں گے۔ ہر گھر ترنگا مہم کے تحت احمدآباد میونسپل کارپوریشن، مشرقی احمدآباد میں وِراٹ نگر علاقے سے اِس یاترا کا اہتمام کررہی ہے۔ اِس کا مقصد لوگوں میں اتحاد اور ملک کی شان کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔

**J&K Independence**

78 ویں یوم آزادی کے پیش نظر کسی بھی ناخوشگوار واقعے کو روکنے کے لیے پورے جموں خطے میں سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ حکام یوم آزادی کی تقریبات کو خوش اسلوبی سے منعقد کرنے کو یقینی بنانے کے لیے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑ رہے ہیں۔

یوم آزادی کی اصل تقریب سری نگر کے بخشی اسٹیڈیم میں منعقد کی جائے گی جہاں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا پریڈ کی سلامی لیں گے اور تقریب کی صدارت کریں گے۔ ہزاروں افراد کی اس تقریب میں شرکت کی امید ہے۔

**Bhopal Sitharaman**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے اختراعی اور سائنسی سوچ کے ساتھ ساتھ فوری حل تلاش کرنے پر زور دیا ہے۔ وہ آج بھوپال کے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس ایجوکیشن اینڈ ریسرچ IISER کی گیارہویں تقسیم اسناد کی تقریب سے خطاب کررہی تھیں۔ اس موقع پر مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو بھی موجود تھے۔ مرکزی وزیر خزانہ نے کہا کہ سائنسی تعلیم اور تحقیق کو معاشرے کی بہتری کیلئے زیادہ سے زیادہ استعمال کیا جانا چاہئے۔ قابل تجدید توانائی کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے انہوں نے طلبا سے اپیل کی کہ وہ ایسی بیٹریاں اور وسائل تیار کریں جو توانائی کو ذخیرہ کرسکیں۔ محترمہ سیتارمن نے اعلیٰ اور ترقی یافتہ کیمسٹری کے ذریعہ ملک کی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کی کوششوں پر زور دیا۔ آرٹیفیشیل انٹلی جنس پر مبنی ٹکنالوجی، قدرتی گرین ہائیڈروجن مشن، تحقیق اور 5G ٹکنالوجی کیلئے بجٹ میں اضافہ کرنے سمیت حکومت کی متعدد کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صرف مربوط کوششوں کے ذریعہ ہی ہم ملک کو ترقی یافتہ بنانے کے ہدف کو حاصل کرسکتے ہیں۔

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس ایجوکیشن اینڈ ریسرچ کیمپس، بھوپال میں نئی تعلیمی عمارت اور لیکچر ہال کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔

**Govt Fisheries**

حکومت تجارت کو فروغ دینے اور ماہی گیروں کی سیکورٹی کے لیے سمندری ماہی گیر کشتیوں میں ایک لاکھ **Transponder** آلات نصب کرے گی۔ نئی دلی میں ماہی پروری کے شعبے میں خلائی ٹکنالوجیز کے اپلی کیشن سے متعلق ایک قومی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ماہی پروری کے وزیر راجیو رنجن سنگھ نے کہا ہے کہ اگر کوئی ماہی گیر ملک کی بحری حدود کو عبور کرتا ہے تو یہ **Transponder** ایک الرٹ جاری کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ماہی پروری کے شعبے کا ملک کی معیشت میں ایک اہم حصہ ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ خلائی ٹکنالوجیز ماہی پروری سے متعلق بندوبست کو بڑھانے اور ماہی پروری کے شعبے کی ترقی میں اہم رول ادا کررہی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ **60** ہزار کروڑ روپے مالیت کے سمندری پروڈکٹس ملک سے سالانہ برآمد کیے جارہے ہیں جن میں مچھلیاں بھی شامل ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ملک بھر میں تقریباً تین کروڑ افراد ماہی پروری کے کاروبار سے وابستہ ہیں۔ حکومت ماہی پروروں کی فلاح و بہبود کیلئے پوری طرح عہد بستہ ہے۔

**I&B DRAFT BILL**

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے نشریاتی خدمات کو منضبط کرنے سے متعلق بل کے مسودے پر تجویزیں اور رائے حاصل کرنے کی تاریخ اِس سال **15** اکتوبر تک بڑھا دی ہے اور کہا ہے کہ تفصیلی صلاح مشورے کے بعد مذکورہ بل کا نیا مسودہ شائع کیا جائے گا۔ اِس بل کا مسودہ متعلقہ اداروں اور عام لوگوں کی رائے حاصل کرنے کیلئے وضاحتی نوٹ کے ساتھ پچھلے سال نومبر میں جاری کیا گیا تھا۔ وزارت نے کہا ہے کہ بل کے مسودے پر مختلف انجمنوں سمیت کئی حلقوں کی طرف سے مختلف سفارشات، تجویزیں اور رائے موصول ہوئیں۔

**I&B ADVISORY**

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے سبھی پرائیویٹ سیٹیلائٹ ٹی وی چینلس کو ایک ایڈوائزری جاری کرکے اُن سے کہا ہے کہ وہ قدرتی آفات کے ویڈیو، تاریخ اور وقت کے ساتھ دکھائیں۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ جب بھی کوئی قدرتی آفت یا تباہی کا کوئی واقعہ پیش آتا ہے تو ٹی وی چینلس کئی دن تک لگاتار اس کی **coverage** کرتے ہیں لیکن اُس دن کی فوٹیج بار بار دکھاتے ہیں، جس دن یہ واقعہ پیش آیا تھا۔ وزارت نے کہا ہے کہ اِس سے ناظرین میں غیرضروری ابہام اور گھبراہٹ کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ ٹی وی چینلس کو یہ صلاح دی گئی ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ اِس طرح کے واقعات کی تصویروں کے ساتھ تاریخ اور وقت کو نمایاں انداز سے دکھایا جائے تاکہ اِسے دیکھنے والوں میں کسی طرح کی غلط فہمی پیدا نہ ہو۔

## MP HONORARIUM

مدھیہ پردیش سرکار نے سبھی شہری اداروں کے منتخب عوامی نمائندوں کیلئے اعزازیے میں 20 فیصد اضافے کا اعلان کیا ہے۔ ریاست کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا ہے کہ اگلے مہینے سے سبھی میئرز، چیئرپرسن، وائس چیئرپرسن اور کونسلروں کو اِس اضافے سے فائدہ ہوگا۔ وہ کَل بھوپال میں خاتون عوامی نمائندوں سے متعلق دیوی Ahilyabai Holkar کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔

## IAF Tarang Shakti

بھارتیہ فضائیہ اب تک کی اپنی سب سے بڑی کثیر جہتی فضائی دفاعی مشق ترنگ شکتی کی میزبانی کررہی ہے۔ یہ مشق تمل ناڈو کے Sulur میں جاری ہے، جس کا مقصد بھارتی فضائیہ کی فوجی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنا اور بین الاقوامی تعاون کو مستحکم کرنا ہے۔ اسٹریٹیجک نقطۂ نظر سے اہم اِس مشق میں گیارہ ممالک اپنے جنگی طیاروں کے ساتھ شرکت کررہے ہیں، جن میں رفال ، F-18 اور یُورو فائٹر شامل ہیں۔ ترنگ شکتی مشق ، اس میں حصہ لینے والے ممالک کے ساتھ ، بھارت کے دفاعی تعلقات کو بڑھاوا دینے کے ساتھ ساتھ بھارت کی سودیشی دفاعی صلاحیت کی نمائش کے لحاظ سے ترتیب دی گئی ہے۔ یہ مشق، باہمی اعتماد قائم کرنے، ایک دوسرے کی صلاحیتوں سے واقفیت کے امکانات تلاش کرنے اور حصہ لینے والے ممالک کے درمیان اسٹریٹیجک تعاون کیلئے پلیٹ فارم فراہم کررہی ہے۔ ترنگ شکتی مشق کا پہلا مرحلہ 6 اگست کو شروع ہوا ہے ، جو کَل ختم ہوگا۔

## BWF Bhagat

بیڈمنٹن سے متعلق عالمی فیڈریشن، BWF نے 2020 ٹوکیو اولمپک میں سونے کا تمغہ جیتنے والے بھارتی کھلاڑی پرمود بھگت کو ڈوپنگ مخالف ضابطوں کی خلاف ورزی کے لیے 18 ماہ کی مدت تک معطل کردیا ہے۔ اپنی معطّلی کی وجہ سے پرمود 2024 پیرس پیرالمپک کھیلوں میں بھی حصہ نہیں لے سکیں گے۔ ایک بیان میں BWF نے کہا ہے The Court of Arbitration of Sport, CAS کی ڈوپنگ مخالف ڈویژن نے اس سال یکم مارچ کو بھگت کو ڈوپنگ مخالف ضابطوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پایا۔ بھگت میں 12 مہینوں کے اندر تین بار کمیاں پائی گئی ہیں۔

بھگت ایک SL3 کھلاڑی ہیں، انہوں نے اس فیصلے کے خلاف CAS کی اپیل ڈویژن میں اپیل کی تھی۔ 29 جولائی کو CAS کی اپیل ڈویژن نے بھگت کی اپیل کو خارج کردیا اور CAS کی ڈوپنگ مخالف ڈویژن کے مارچ میں دیئے گئے فیصلے کو برقرار رکھا۔ بھارتی پیرابیڈمنٹن کھلاڑی نے ٹوکیو پیرالمپک میں مردوں کے سنگلز میں SL3 زمرے میں سونے کا تمغہ جیتا تھا۔

## Docters Strike

مہاراشٹر کے مختلف سرکاری اسپتالوں کے رہائشی ڈاکٹروں نے کولکاتہ کے RG Kar میڈیکل کالج کی زیرِ تربیت ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کے بعد رہائشی ڈاکٹروں کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے طور پر غیر ایمرجنسی خدمات کی فراہمی روک دی ہے۔ اس کے

بعد میڈیکل کالجوں کے سینئر میڈیکل اساتذہ ، لیکچرارس اور متعلقہ امیدوار ، اِن اسپتالوں کے انتظامات دیکھ رہے ہیں۔ اسپتالوں کے عملے کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں۔

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات (IMD) نے ملک کے وسطی، شمال مشرقی اور جنوبی حصوں میں اگلے دو دن کے دوران شدید بارش کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے کے مطابق راجستھان، اترپردیش اور شمال مشرقی بھارت کے زیادہ تر حصوں میں اگلے 7 دن تک دور دور تک شدید بارش ہوگی۔ آکاشوانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں آر کے Jenamani نے کہا کہ تمل ناڈو، رائل سیما، کیرالہ اور شمال مشرقی بھارت کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ جناب جینامنی نے کہا کہ مشرقی راجستھان کے علاقوں میں انتہائی شدید بارش جاری رہنے کا امکان ہے۔ ملک کے وسطی اور شمالی علاقوں میں بھی انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔

## India - Australia Maritime

بھارت - آسٹریلیا چھٹی بحری سکیورٹی مذاکرات کا انعقاد آج Canferra میں ہوا۔ بھارتی وفد کی قیادت، وزارتِ خارجہ میں، ترکِ اسلحہ اور بین الاقوامی سکیورٹی کے امور کے جوائنٹ سکریٹری Muanpuii Saiawi نے کی ، جبکہ آسٹریلیائی وفد کی قیادت ، جنوبی ایشیا اور وسطی ایشیائی ڈویژن کی فرسٹ اسسٹنٹ سکریٹری Sarah Storey نے کی۔ دونوں فریقوں نے سبھی کی شمولیت والی ترقی اور عالمی بہبود کیلئے ایک محفوظ اور پائیدار سمندری ماحول اپنانے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں فریقوں نے باہمی دلچسپی کے مختلف موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا، جن میں بھارت - بحرالکاہل میں محفوظ ماحول سمیت بحری شعبہ سے متعلق بیداری ، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور قدرتی آفات میں راحت سے متعلق باہمی تعاون شامل تھے۔ اس کے علاوہ تلاش اور بچاؤ ، آلودگی کی روک تھام ، بحری معیشت اور Port State Control سے متعلق تعاون پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔

## Sanitary Napkins

مدھیہ پردیش سینیٹری نیپکنس کے لیے اسکولی بچیوں کو پیسے دینے والی پہلی ریاست بن گئی ہے۔ کرناٹک، راجستھان اور دلی جیسی کچھ ریاستوں میں طلبا کو مفت سینیٹری نیپکنس دیے جاتے ہیں، لیکن صرف مدھیہ پردیش میں ہی نقد پیسے دیے جا رہے ہیں۔

مدھیہ پردیش میں صفائی ستھرائی اور حفظانِ صحت سے متعلق اسکیم کے تحت ہر اسکولی بچی کے اکاؤنٹ میں ایک سال تک 300 روپے منتقل کیے جاتے ہیں۔ یہ رقم ساتویں جماعت سے بارہویں جماعت کے طلبا کو دی جاتی ہے۔ تقریباً 19 لاکھ طلبا کے کھاتوں میں 57 کروڑ 18 لاکھ سے زیادہ روپے منتقل کیے جا چکے ہیں۔ ایک حالیہ پروگرام میں طلبا سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ ایک بیٹی دس بیٹوں کے برابر ہے۔

مدھیہ پردیش کے سرکاری اسکولوں کے نصاب میں رانی درگا وتی کو شامل کیے جانے کا اعلان کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ رانی درگا وتی نے **51** جنگیں لڑیں اور سبھی میں فتح حاصل کی۔

☆☆☆